بسم اللہ الرحمن الرحیم

In The Name of Allah, The most Gracious The most Merciful

دفاع حدیث کورس (ایک سالہ)

جمع وترتیب
محمد حسین میمن (خادم حدیث)
صدر :تحفظ حدیث فاؤنڈیشن ،

ادارہ : تحفظ حدیث فاؤنڈیشن ،پاکستان
دین اسلام کا ترجمان

Email:thf@wkrf.net
www.wkrf.net
Head office 021-4242140

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

عام طور پر لوگ فتنہ انکار حدیث کا اصل موجد یا گروہ صرف پرویز یا چکڑالوی کو سمجھتے ہیں لیکن یہ بات حقیقت کے خلاف ہے ۔اس میدان کے شہسوار اور بھی ہیں جن کی ایک لمبی چوڑی فہرست ہے۔ اور اس فہرست میں بڑے بڑے نامور علماء ، دانشور ،محقق، مفکر ،بیدار مغذ اور مزاج شناسان رسول بھی اچھی خاصی تعداد میں موجود ہیں ۔عصر حاضر کے نئے منکرین حدیث جو کہ دور جدید کے پیداوار ان کو آپ گلابی منکرین حدیث کا نام دے سکتے ہیں ۔

بہر حال جو تخم منکرین حدیث نے بویا تھا اس کی آبیاری اور حفاظت اب وہ لوگ کررہے ہیں جو اسلام کے دوسرے بڑے مأخذ یعنی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو زبانی ،تحریری طور پر تسلیم کرتے ہیں اور اپنی اپنی تقاریر میں محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہونے کا دعوی تکرار

کے ساتھ دہراتے ہیں ۔ لیکن اگر حقیقت پر غور کیا جائے تو سچائی بالکل برعکس ہے کیونکہ ان کے دل کی کیفیت ان کے قول وفعل کے خلاف نظر آتی ہے ۔

یہ لوگ بھری مجلسوں میں احادیث کے مجموعے بڑے ذوق اور اعتماد کے ساتھ قبول کرتے ہیںاور ایسے ایسے فقرے ادا کرتے ہیں کہ سننے والا بلاتاخیر کہہ اٹھتا ہے کہ ان صاحب سے بڑا کوئی محب رسول صلی اللہ علیہ وسلم نہیں ۔

لیکن جب اس کالے سمندر کے اندر اترا جاتا ہے تو معلوم یہ ہوتا ہے کہ منکرین حدیث کی رہی سہی کسر بھی یہ نام نہاد مفکر پوری کررہے ہیں ایک جگہ پر بڑے دعوے سے کہا جاتا ہے کہ صحیح بخاری ومسلم کی احادیث اپنی جگہ ایک اٹل حقیقت ہیں پھر انہی میں سے ان احادیث کو نکال دیا جاتا ہے جو ان کے عقائد اور مسالک کے خلاف نظر آتی ہیں ۔

بظاہر یہ گروہ منکرین حدیث نظر نہیں آتے لیکن یہ لوگ اسی اندھیر نگری کے سوار ہیں جس ڈگر پر منکرین حدیث گزر چکے ہیں موجودہ دور میں بڑی ہوشیار ی اور چالاکی سے حدیث کے انکار کا چور دروازہ کھولا گیا ہے یہ گلابی تحریکیں روح رواں پر محققین کس طرح اس منصوبہ پر کام کررہے ہیں ذراغور کریں ۔

1)موسیقی کو حلال سمجھنا ،

2)کبھی رجم والی احادیث کا انکار کرنا ،

3)کبھی نزول عیسٰی والی احادیث کا انکار کرنا،

4)کبھی ''سبعہ احرف'' والی حدیث کا انکار کرنا،

5)کبھی خروج دجال پر طعن کرنا،

6)کبھی محدث امت ابو ہریرہ کو غیر فقیہ کہنا،

7)کبھی شادی کے وقت امی عائشہ کی عمر والی احادیث میں تحریف کا دعوی کرنا،

8)کبھی ارضی قبر والی احادیث کاانکارکرنا ،

9)کبھی سنت ، اور حدیث میں فرق کرنا،

10)کبھی سورة احزاب کے قصہ زید اور زینب والی احادیث کاانکار کرنا،

11)جو احادیث کسی سبب کے تحت وارد ہوئی ہیں انہیں بغیر اسباب کے بیان کرکے اعتراض کرنا ۔

الغرض احادیث صحیحہ کے انکار کی ایک طویل فہرست ہے جن پر چور دروازے سے نقب لگانے کی مکمل کوشش کی جارہی ہے کبھی محدثین کے ہی اصولوں کو محدثین کے خلاف

استعمال کرکے انہی کی تحقیق کو غیر معتبر قرار دیا جاتا ہے ۔
انااللہ وانا الیہ راجعون

اور یہ افسانے گڑھے جارہے ہیں کہ آیا یہ محدثین بھی انسان ہی تھے کوئی فرشتے یا معصوم عن الخطاء تو نہ تھے لہٰذا ان سے بھی خطاء کے امکانات ہیں

پہلے اتنی تعریفیں کی کہ لوگوں کے اعتماد کو بحال کردیا گیا جب لوگ احادیث پر جمع ہوگئے تو یک دم ایک شیطانی ٹھوکر سے لوگوں کے عقائد کا گلا گھوٹ کر ان کے ایمان کو چکنا چور کردیا گیا ۔ اب انہی لوگوں سے ایسے عقل پرستوں نے جنم لیا یا تو انہوں نے احادیث کو سرے سے ہی ماننے سے انکار کیا ، اگر مانتے بھی ہیں تو ان احادیث کو جو انہیں سمجھ میں آئے ۔

جب ایسے لوگ بڑھتے گئے تو گمراہی کا کارواں بھی کالی آندھی کی طرح بڑھتا گیا ، اب یہ حال ہے کہ بڑے بڑے نام نہاد ، نامور محققین اس طرح احادیث کے انکار کا جال بچھادیتے ہیں کہ عام فہم نہ دین کا رہتا ہے نہ ایمان کا ۔ بہت کچھ لکھنے کا ارادہ ہے لیکن جب لکھنے کا سوچتا ہوں تو مجھے خیال آتا ہے کہ یہ کام تو عرصے دراز سے ہوتا چلا آرہا ہے لیکن الحمد للہ ہر دور میں اللہ تعالیٰ نے باطل کے منہ کو کالا کیا اور حق کا بول بالا کیا ۔

''جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا''

لہٰذاانہی اسباب کو دیکھتے ہوئے تحفظ حدیث فاؤنڈیشن نے دفاع حدیث کورس کا اہتمام کیا ہے جس کے ذریعے اس قسم کے اعتراضات کے جوابات کی تیاری بھرپور علمی انداز سے کراوئی جائے گی ۔ ان شاء اللہ ۔

محمد حسین میمن (خادم حدیث)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دفاع اسلام کورس (ایک سالہ)

(1)موجودہ دور میں منکرین حدیث کی تین اقسام ہیں :
١)مکمل طور پر احادیث کا انکار کرنے والے
٢) ان احادیث کا انکار جو بظاہر قرآن مجید سے ٹکراتی ہیں ۔
٣)ان احادیث کا انکار جو (Common sense)یعنی عام عقل کے خلاف ہوں ۔

یہ تینوں اقسام قرآن مجید کی رو سے گمراہ ہیں اور قرآن مجید ان تینوں کا ردکرتا ہے ۔ کیونکہ قرآن مجید ہر صحیح حدیث پر ایمان لانے کا حکم صادر فرماتا ہے ۔

(2)نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور مبارک میں مجموعی طور پر تین طریقوں سے احادیث کی حفاظت کا دارومدار تھا :
١)حفظ کے ذریعہ (Memorization of knowledge)
٢)احادیث پر فوری طور پر عمل یعنی (Practice)کرکے ۔
٣)احادیث کو قلمبند کرکے یعنی احادیث کو لکھا گیا ۔

اب ہم یہاں تینوں نکتوں پر غور گفتگو کریں گے :

نبی کریم ﷺ کے وقت میں تقریباً چالیس (40)کے قریب صحابہ کرام تھے جو کتابت حدیث میں مصروف تھے ۔ ان علاوہ کئی صحابہ کرام احادیث کو حفظ کرنے پر معمور تھے جن میں سر فہرست سیدنا ابو ہریرہ ہیں ۔ بقول امام ذھبی کے اور دیگر محدثین کے مطابق سیدنا ابو ہریرہ کو (5374)پانچ ہزارتین سو چوہتر احادیث حفظ تھیں ان کے علاوہ کئی اور صحابہ کرام تھے جن کو احادیث حفظ تھیں ۔ حفاظ کرام اور کاتبین وحی کے نام یہ ہیں :
علی بن ابی طالب و عثمان بن عفان ،وابو بکرالصدیق ، وعمر بن خطاب ، و خالد بن سعید بن العاص ، وعامر بن فھیرة، والأرقم بن أبی الأرقم ، وابوسلمة عبداللہ بن عبدلأسد المخزومی،و جعفر بن ابی طالب، وحاطب بن عمرو، والزبیر بن العوام ، وطلحة بن عبیداللہ، وعبداللہ بن ابی بکر ، أبو أیوب الأنصاری، خالد بن زید ، وأبی بن کعب ،وزید بن ثابت ، وعبداللہ بن رواحة ، ومعاذ بن جبل، ومعیقیب بن أبی فاطمة الدوسی ۔

یہ 20حفاظ کرام اور کاتبین وحی کے نام ہیں تقریباً 40کے قریب حفاظ کرام اور کاتبین وحی تھے جن میں سے 20 کا ذکر ہم نے یہاں کیا ہے ۔

اس کے علاوہ احادیث لکھنے کا سلسلہ بھی جاری رہا اور اس کی حفاظت کے لئے ایسے بلند معیار کا انتخاب کیا گیا کہ ضعیف حدیث صحیح حدیث سے الگ ہوگئی ۔ ایک صحیح حدیث تقریبا ساتھ معیارات سے گزرنے کے بعد اس کو صحیح کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔فن اسماء الرجال یہ ایک ایسا فن ہے جس کے ذریعے احادیث کے راویوں کے حالات قلمبند کئے گئے ۔ قرآن مجید کی سینکڑوں آیات اس بات کی شاھد ہیں کہ جس طرح قرآن مجید سے شریعت ثابت ہوتی ہے بعین اسی طرح صحیح احادیث سے بھی شریعت کے احکامات ثابت ہوتے ہیں ۔مثلا:

1)''قُلْ ِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوبَکُمْ وَاللّٰہُ غَفُور رَّحِیْم ۝ (ال عمران 31/3)

2)''یَا أَیُّہَا الَّذِیْنَ آمَنُواْ أَطِیْعُواْ اللّٰہَ وَأَطِیْعُواْ الرَّسُولَ وَأُوْلِیْ الأَمْرِ مِنْکُمْ فَِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْئٍ فَرُدُّوْہُ ِلَی اللّٰہِ وَالرَّسُوْلِ ِنْ کُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الآخِرِ ذَلِکَ خَیْر وَّأَحْسَنُ تَأْوِیْلاً''(النساء 59/4)

3)''وَمَا أَرْسَلْنَا مِن رَّسُوْلٍ ِلاَّ لِیُطَاعَ بِِذْنِ اللّٰہِ''(النساء 64/4)

4)''فَلاَ وَرَبِّکَ لاَ یُؤْمِنُوْنَ حَتَّیَ یُحَکِّمُوْکَ فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَہُمْ ثُمَّ لاَ یَجِدُواْ فِیْ أَنْفُسِہِمْ حَرَجاً مِّمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُواْ تَسْلِیْماً''(النساء 65/4)

5)''وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ فَأُوْلٰئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ أَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْہِم مِّنَ النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّہَدَائِ وَالصَّالِحِیْنَ وَحَسُنَ أُولٰئِکَ رَفِیْقاً''(النساء 69/4)

6)''وَمَنْ یُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَیَّنَ لَہُ الْہُدَی وَیَتَّبِعْ غَیْرَ سَبِیْلِ الْمُؤْمِنِیْنَ نُوَلِّہِ مَا تَوَلَّی وَنُصْلِہِ جَہَنَّمَ وَسَائَ تْ مَصِیْراً''(النساء 115/4)

7)''ِنَّ الَّذِیْنَ یَکْفُرُوْنَ بِاللّٰہِ وَرُسُلِہِ وَیُرِیْدُوْنَ أَنْ یُّفَرِّقُواْ بَیْنَ اللّٰہِ وَرُسُلِہِ وَیْقُولُونَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَنَکْفُرُ بِبَعْضٍ وَیُرِیْدُوْنَ أَن یَتَّخِذُواْ بَیْنَ ذَلِکَ سَبِیْلاًo أُوْلَئِکَ ہُمُ الْکَافِرُوْنَ حَقّاً وَأَعْتَدْنَا لِلْکَافِرِیْنَ عَذَاباً مُّہِیْناً''(النساء 150,151/4)

8)''وَمَا آتَاکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَہَاکُمْ عَنْہُ فَانتَہُوا ۝(الحشر7/59)

9)''لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ أُسْوَۃ حَسَنَۃ ''۔(الاحزاب 21/33)

10)''فَلْیَحْذَرِ الَّذِیْنَ یُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِہِ أَن تُصِیْبَہُمْ فِتْنَۃ أَوْ یُصِیْبَہُمْ عَذَاب أَلِیْم'' ۔ (النور 63/24)

ان تمام آیات سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت ثابت ہوتی ہے جو ایک مستقل اور غیر مشروط اطاعت ہے ۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کی حفاظت کئی طریقوں سے ہوئی خصوصاً علم اسماء الرجال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے ہی شروع ہوگیا تھا چناچہ سیدنا ابو بکر صدیق اور امی عائشہ انساب کے ماہر تھے انساب کی مہارت بھی ایک بڑا فن ہے جس کا تعلق علم اسماء الرجال سے ہی ہے ۔صحابہ کرام میں سیدنا ابو ہریرہ ، عمر فاروق ، عبداللہ بن مسعود ،عبداللہ بن عباس ، عبداللہ بن عمرو ،عبداللہ بن عمر،ابو سعید خدری، جابر بن عبداللہ ، اور انس بن مالک یہ وہ صحابہ ہیں جو صف اول کے رجال الحدیث ہیں ۔

تابعین میں سعید بن جبیر (م ٩٥ھ) ابراہیم نخی (م ٩٥ھ)عامر الشعبی (م١٠٣ھ) امام طاؤس (م ١٠٥ھ) حسن بصری(م١١٠ھ)نے رجال پر کام کیا ۔اسی طرح ایوب سختیانی (م١٣١ھ) عبداللہ بن عون (م١٥١ھ)سلیمان یتمی (م ١٤٣ھ)شعبة بن حجاج (م١٦٠ھ) سفیان الثوری (م١٦١ھ) مالک بن انس (م ١٧٩ھ) اوزاعی (م ١٥٧ھ) عبداللہ بن مبارک (م ١٨١ھ) یحیی بن سعید القطان (م١٤٣ھ) وکیع بن الجراح(م ١٩٧ھ) اور عبدالرحمن بن المھدی (م١٩٨ھ) جیسے اہل علم نے بھی رجال پر کلام کیا ہے ۔

تیسری صدی ہجری میں علی بن مدینی (م ٢٣٤ھ) نے ''کتاب العلل'' ، امام احمد بن حنبل (م٢٤١ھ) کتاب العلل ومعرفة الرجال میں، امام بخاری (م ٢٥٦ھ) نے تاریخ الکبیر ، تاریخ الاوسط میں امام مسلم (م ٢٦١ھ) نے ''مقدمہ صحیح مسلم '' میں امام ترمذی (م٢٧٩ھ) نے ''کتاب العلل '' میں رجال پر کام کیا ہے۔

چوتھی صدی ہجری میں اس فن پر کام کرنے والے درج ذیل حضرات ہیں ۔امام نسائی (م٣٠٣ھ) نے''کتاب الضعفاء والمتروکین '' اور محمد بن احمد بن حما د الدولابی (م٣١٠ھ) نے ''کتاب الاسماء والکنٰی ''تصنیف کی اس کتاب میں راویان حدیث کے ناموں اور کنیتوں کی وضاحت کی گئی ہے ۔ ابو محمد عبدالرحمن بن ابی حاتم الرازی (م٣٦٨ھ) ''کتاب الجرح والتعدیل ' ' کے مصنف ہیں اس جا مقدمہ قابل دید ہے ۔ اس کے علاوہ ''کتاب الکنٰی '' اور'' کتاب المراسیل '' بھی ان کی تصانیف ہیں جو اسی موضوع پر مشتمل ہیں ۔ امام محمد بن

حبان بستی (م۳۵٤ھ) نے ''کتاب الثقات'' اور ''کتا ب المجروحین ''لکھی ہیں ۔ ابو احمد علی بن عدی بن علی قطان (م ۳٦۵ھ) نے فن اسماء الرجال پر ''الکامل فی ضعفاء الرجال '' کے نام سے کتاب لکھی ۔ دارقطنی (م۳۸۵ھ) نے اپنی ''کتاب العلل '' میں رجال پر بہت مفید بحثیں کی ہیں امام دارقطنی نے ''کتاب الضعفاء ''تالیف کی جو شائع ہوچکی ہے ۔ اسی طرح ان کی کتاب ''المؤتلف والمختلف '' بھی طبع ہوچکی ہے ۔

پانچویں صدی ہجری میں ابو یوسف بن عمر بن عبدالبرؒ (م٤٦۳ھ)اور خطیب بغدادی (م٤٦۳ھ) نے بھی اسماء الرجال پر بہت کام کیا ۔

چھٹی صدی ہجری کے مؤلفین رجال میں سے امام بیہقی (م۵۵۸ھ) امام ابن جوزی (م۵۹۷ھ) ہیں ۔ ان کے علاوہ معروف محدث عبدالغنیؒ مقدسی (م٦۰۰ھ) ۔ ''الکمال فی اسماء الرجال'' لکھی ۔

ساتویں صدی ہجری میں امام نووی (٦۷٦ھ) نے اس فن پر گراں قدرکام کیا ہے ان کی کتاب ''تہذیب الاسماء واللغات '' بہت معروف ہے ۔

آٹھویں صدی ہجری میں حافظ یوسف بن ذکی مزی (م ۷٤۲ھ) حافظ ذہبی (م۷٤۸ھ) نے ''تاریخ الاسلام ''سیر اعلام النبلاء '' تذکرۃ الحفاظ'' اور ابو الفداء عماد الدین ابن کثیر (م ۷۷٤ھ) نے ''البدایہ والنہایہ'' میں رجال پر کام کیا ۔

نویں صدی ہجری میں حافظ ابن حجر (م۸۵۲ھ) نے اس فن پر گراں قدرکام کیا ۔ان کی کتب میں الاصابہ فی تمیز الصحابہ '' تہذیب التہذیب ''تقریب التہذیب ''لسان المیزان '' بہت معروف ہیں تقی الدین بن فہد (م۸۷۱ھ) نے بھی اس فن پر کام کیا ۔

دسویں صدی ہجری میں شمس الدین سخاوی (م۹۰۲ھ) اور امام سیوطی (م۹۱۱ھ) نے بھی اس فن پر کام کیا ۔

گیارہویں صدی ہجری میں رجال کے متعلق محمد المحبی نے ''خلاصہ الاثر فی اعیان القرن الحادی عشر '' لکھی ۔

بارہویں صدی ہجری میں اسما ء الرجال کے متعلق ابوالفضل محمد خلیل بن علی المرادی (م۱۲۰٦ھ) نے ''سلک الدرد فی اعیان القرن الثانی عشر ''لکھی۔

الحمد للہ فن رجال پر بے انتہاکام ہوا حتٰی کہ ہزاروں کی تعداد میں اس فن کے ذریعہ رجال کی حالات زندگی کو محفوظ کیا گیا ۔(دیکھئے :علوم الحدیث 196تا 198)

سنت اور حدیث محدثین کے نزدیک مترادف ہیں

حدیث وسنت دین اسلام کا دوسرا بنیادی ماخذ ہے اس ماخذ کی دین میں کیا اہمیت ہے؟ اس کا اندازہ قرآن مجید کی آیات سے لگایا جاسکتا ہے جو کہ پیچھے ابواب میں ذکر کی گئی ہیں ۔ جن کا خلاصہ یہ ہے کہ حدیث اور سنت یہ بھی وحی ہے اور وحی کی اتباع تمام مسلمانوںپر فرض ہے ۔ محدثین کے نزدیک سنت اور حدیث میں کوئی فرق نہیں :

1) امام جدجانی فرماتے ہیں "السنة : تطلق علی قول الرسول وفعله وسكوته وعلى أقوال الصحابة وأفعالهم " سنت کا اطلاق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول، فعل اور خاموشی پر ہوتا ہے اور صحابہ کے افعال اور اقوال پر ہوتا ہے ۔(التعریفات ص108-88)

2) نورالانوار میں ہے کہ: سنت کا اطلاق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول فعل اور خاموشی پر ہوتا ہے اور صحابہ کے افعال اور اقوال پر ۔(نورالانوارجلد1ص179)

3) امام ابن حزم فرماتے ہیں : "السنن تفتسم ثلاثة أقسام قول من النبی صلی اللہ علیہ وسلم وفعل منہ وشئی رآہ وعلمہ فأقرعلیہ "سنن کی تین اقسام ہیں : نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ، فعل اور (تقریر)جو چیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھی اسے جانا اور برقراررکھا ۔
(الاحکام فی اصول الاحکام جلد1ص173)

4) امام صالح بن طاہر الجزائری کہتے ہیں : سنت کا اطلاق اکثر طور پر اس چیز پر ہوتا ہے جس کی نسبت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہو ، خواہ قول ہو یا فعل ہو یا تقریر ہو۔ یہ علماء اصول کے نزدیک حدیث کے مترادف ہے ۔(توظیہ النظرجلد1ص3)

5)نواب صدیق حسن کان کہتے ہیں :سنت کا لفظ شرعاً ، قول، فعل اور تقریر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔(حصول المامول ص38)

6)متاخرین میں سے عجاج الخطیب نے سنت کے بارے میں یوں لکھا ہے کہ "سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام اقوال وافعال وتقریرات اور صفات خلقیہ وخلقیہ محاسن وشمائل اور سیرت سب کے مجموعہ کا نام ہے ۔(السنة قبل التدوین ص16)

امام شوکانی نے زبردست بات کہی کہ :

''ال علم کا اس پر اتفاق ک سنت احکام ک اثبات اور
شریعت میں مستقل اصول حلال وحرام ک احکام میں
قرآن مجید کی مانند (ارشاد الفحول ص31)
(نوٹ)سنت اور حدیث ک اصول ک لئ میری کتاب ''اصول
مبادی پر تحقیقی نظر مع دفاع اصول محدثین ''کا مطالع مفید
ر گا انشا ء الل
محمد حسین میمن (خادم حدیث)

صحاب کرام ک نزدیک سنت کا مقام

1)عبدالل بن مسعود   کا قص دیکھئ (سنن ابی داؤد جلد6رقم
الحدیث 2116مع عون المعبود)

2)سنن دارقطنی س ایک واقع ، ایک جھگڑ میں رسول الل
صلی الل علی وسلم ک فیصل کو قبول کیا گیا   (سنن
الدارقطنی جلد3کتاب البیوع رقم الحدیث 2785)

3)عبدالل بن مسعود   کا قص ک جب و درس میں مشغول
تھ تو کسی ن کا ک آپ صلی الل علی وسلم قرآن کا
ذکر کیا کریں (المستدرک الحاکم جلد1رقم الحدیث 382)

4)کعب بن مالک   کا قص مسجد میں آواز اونچی وگئی
(صحیح بخاری کتاب الصلاۃ رقم الحدیث 471)

5)امام یعقوب کا قص دیکھئ (صحیح بخاری جلد8مع فتح
الباری رقم الحدیث4886)

6)خزیم بن ثابت   کا قص دیکھئ (سنن ابی داؤد مع عون
المعبودجلد10رقم الحدیث 3604)

7)صحابہ کرام کا جوتے اتارنے کا واقعہ دیکھئے (ابو داؤد کتاب الصلاۃ جلد2رقم الحدیث650)
8)محمد بن حبیب کا واقعہ دیکھئے (تاریخ بغداد 5903)
ان احادیث اور آثار سے واضح ہوا کہ صحابہ اور تابعین کے نزدیک سنت حجت ہے ۔

اصطلاحات محدثین
⋆حدیث کی تعریف :رسول اللہ سے متعلق راویوں کے ذریعہ سے جو کچھ ہم تک پہنچا ہے وہ حدیث کہلاتا ہے ۔ حدیث کو بعض دفعہ سنت ، خبر اور اثر بھی کہا جاتا ہے ۔
⋆بنیادی اقسام :
oقَوْ لِی حَدِیْث : وحدیث جس میں آپ کا فرمان مذکور ہو ۔
oفِعْلِی حَدِیْث:وہ حدیث جس میں آپ کا فعل مذکور ہو ۔
oتَقْرِیْرِی: وہ حدیث جس میں آپ کا کسی بات پر خاموش رہنا مذکور ہو ۔
oشَمَائِل نَبَوِی :وہ احادیث جن میں آپ کے عادات واخلاق یا بدنی اوصاف مذکور ہوں۔
نوٹ: کسی حدیث کی اصل عبارت ''مَتْن''کہلاتی ہے ۔ متن سے پہلے ، راویوں کے سلسلے کو سندکہتے ہیں ۔ سندکا کوئی راوی حذف نہ ہو تو وہ ''مُتَّصل''ورنہ ''مُنْقَطِع''۔
⋆نسبت کے اعتبار سے حدیث کی اقسام :
oحَدِیْث قُدسِی: اللہ تعالیٰ کا وہ فرمان جسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے روایت کیا ہو ، راویوں کے ذریعے سے ہم تک پہنچا ہو اور قرآن مجید میں موجود نہ ہو ۔
o مَرفُوع: وہ حدیث جس میں کسی قول ، فعل یا تقریر کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کیا گیا ہو ۔
oمَوْ قُوْف: وہ حدیث جس میں کسی قول ، فعل یا تقریر کو صحابی کی طرف منسوب کیا گیا ہو ۔

oمَقْطُوْع: وہ حدیث جس میں کسی قول یا فعل کو تابعی یا تبع تابعی کی طرف منسوب کیا گیا ہو ۔
oمُتَواتِر:وہ حدیث جس میں تَوَاتُر کی چار شرطیں پائی جائیں:
(ا)اسۓ رایوں کی بڑی تعدادروایت کرے۔
(ب)انسانی عقل وعادت ان کے جھوٹا ہونے کو محال سمجھے ۔
(ج)یہ کثرت عہد نبوت سے لے کر صاحب کتاب محدث کے زمانے تک سند کے ہرطبقے میں پائی جائے ۔(د)حدیث کا تعلق انسانی مشاہدے یا سماعت سے ہو۔
نوٹ:راویوں کی جماعت جس نے ایک استاد یا زیادہ اساتذہ سے حدیث کا سماع کیا ہو ''طبقہ '' کہلاتی ہے ۔
oخَبْرِ وَاحِد:وہ حدیث جس میں متواتر حدیث کی شرطیں جمع نہ ہوں ۔ اس کی چار قسمیں ہیں :
oمَشْھُور:وہ حدیثجس کے راویوں کی تعداد ہر طبقے میں دو سے زیادہ ہو مگر یکساں نہ ہو ، مثلا کسی طبقے میں تین ، کسی میں چار اور کسی میں پانچ راوی ٔ اسے بیان کرتے ہوں ۔
oمُسْتَفِیْض:وہ حدیث جس کے راوی ہر طبقے میں دو سے زیادہ اور یکساں تعداد میں ہوں یا سند کے اول وآخر میں ان کی تعداد یکساں ہو۔
oعَزِیْز:وہ حدیث جس کے راوی ٔ کسی طبقے میں صرف دو ہوں۔
oغَرِیْب :وہ حدیث جسے بیان کرنے والا کسی زمانے میں صرف ایک راوی ہو ،اگر وہ صحابی یا تابعی ہے تو اسے غَرِیْب مُطْلَق کہیں گے اور اگر کوئی اور راوی ہے تو اسے غَرِیْب نَسَبِی کہیں گے۔
⋆قبول وردّ کی اعتبارِ سے حدیث کی اقسام:
o مَقْبُول:وہ حدیث جو واجب العمل ہو۔
oمَرْدُوْد:وۃ حدیث جو مقبول نہ ہو۔
⋆مقبول حدیث کی اقسام ودرجات(شرائط قبولیت کے اعتبارِ سے):
(1)صَحِیْح لِذَاتِہ (2) صَحِیْح لِغَیْرِہ (3) حَسَن لِذَاتِہ (4) حَسَن لِغَیْرِہ
oصَحِیْح لِذَاتِہ :وہ حدیث جس میں صحت کی پانچ شرطیں پائی جائیں:
(ا)اس ٔ کی سند متصل ہو، یعنی ہر راوی نے اسے اپنے استاد سے اخذ کیا ہو۔

(ب)اس کا ہر راوی عادل ہو ،یعنی کبیرہ گناہوں سے بچتا ہو ، صغیرہ گناہوں پر اسرار نہ کرتا ہو ، شائستہ طبعیت کا مالک ہو اور بااخلاق ہو۔

(ج)وہ کَامِل الضَّبط ہو، یعنی حدیث کو تحریر یا حافظہ کے ذریعے سے کماحقہ محفوظ کرے اور آگے پہنچائے ۔

(د)وہ حدیث شاذ نہ ہو (ھ)معلوم ہو ۔(شاذ اور معلول کی وضاحت آگے آرہی ہے ۔)

oحَسَن لِذَاتِہ:وہ حدیث جس کے بعض راوی صحیح حدیث کے راویوں کی نسبت خَفِیْفُ الضَّبط (ہلکے ضبط والے) ہوں ، باقی شرطیں وہی ہوں۔

نوٹ: حَسَن لِذَاتِہ کا درجہ صَحِیْح لِغَیْرِہ کے بعد ہے۔ مگر تعریفات کو آسان کرنے کے لئے ترتیب بدلی گئی ہے۔

oصَحِیْح لِغَیْرِہ : جب حسن حدیث کی ایک سے زائد سندیں ہوں تو وہ حسن کے درجے سے ترقی کرکے صحیح کے درجے تک پہنچ جاتی ہے اسے صحیح لغیرہ کہتے ہیں کیونکہ وہ اپنے غیر(دوسری سندوں) کی وجہ سے درجہ صحت کو پہنچی ہے

oحَسَن لِغَیْرِہ:وہ حدیث جس کی متعدد سندیں ہوں ، ہر سند میں معمولی ضعف ہو مگر متعدد سندوں سے اس ضعف کی تلافی ہو جائے تو وہ حسن لغیرہ کے درجے کو پہنچ جاتی ہے ۔

٭صحیح حدیث کی اقسام ودرجات (کتب حدیث میں پائے جانے کے اعتبار سے:)

oمُتَّفَق عَلَیْہ: وہ حدیث جو صحیح بخاری اور صحیح مسلم دونوں میںپائی جائے متفق علیہ کہلاتی ہے اور صحت کے سب سے اعلیٰ درجے پر ہوتی ہے۔

oاَفْرَادِ بُخَارِی: ہر وہ حدیث جو صحیح بخاری میں پائی جائے، صحیح مسلم میں نہ پائی جائے ۔

oاَفْرَادِ مُسْلِم:ہر وہ حدیث جو صحیح مسلم میں پائی جائے ،صحیح بخاری میں نہ پائی جائے ۔

oصَحِیْح عَلٰی شَرْطِھِمَا: وہ حدیث جو صحیح بخاری وصحیح مسلم دونوں میں نہ پائی جائے لیکن دونوں ائمہ کی شرائط کے مطابق صحیح ہو۔

oصَحِیْح عَلٰی شَرْطِ الْبُخَارِی:وہ حدیث جو امام بخاری کی شرائط کے مطابق صحیح ہو مگر صحیح بخاری میں موجود نہ ہو۔

oصَحِیْح عَلٰی شَرْطِ مُسْلِم:وہ حدیث جو امام مسلم کی شرائط کے مطابق ہو مگر صحیح مسلم میں موجود نہ ہو۔

٥صَحِیْح عَلٰی شَرْطِ غَیْرِھِمَا :وہ حدیث جو امام بخاری وامام مسلم کے علاوہ دیگر محدثین کی شرائط کے مطابق صحیح ہو۔
★مردود حدیث کی اقسام انقطاع سند کی وجہ سے :
٥مُعَلَّق:وہ حدیث جس کی سند کا ابتدائی حصہ یا ساری سند ہی (عمداً) حذف کردی گئی ہو۔
٥مُرْسَل: وہ حدیث جسے تابعی بلاواسطہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرے ۔
٥مُعْضَل: وہ حدیث جس کی سند کے درمیان سے دویا دوسے زیادہ راوی اکٹھے حذف ہوں۔
٥مُنْقَطِع :وہ حدیث جس کی سند کے درمیان سے ایک یا ایک سے زائد راوی مختلف مقامات سے حذف ہوں۔
٥مُدَلَّس: وہ حدیث جس کا راوی کسی وجہ سے اپنے استاد یا استاد کے استاد کا نام (یاتعارف) چھپائے لیکن سننے والوں کو یہ تأثر دے کہ میں نے ایسا نہیں کیا ، سند متصل ہی ہے، حالانکہ اس سند میں راویوں کی ملاقات اورسماع تو ثابت ہوتا ہے مگر متعلقہ روایت کا سماع نہیں ہوتا ۔
٥مُرْسَل خَفِی: وہ حدیث جس کا راوی اپنے ایسے ہم عصر سے روایت کرے جس سے اس کی ملاقات ثابت نہ ہو ۔
٥مَعْلُوْل یا مُعَلَّلْ: وہ حدیث جو بظاہر مقبول معلوم ہوتی ہو لیکن اس میں ایسی پوشیدہ علت یاعیب پایا جائے جو اسے غیر مقبول بنادے ۔ ان عیوب وعلل کا پتہ چلانا ماہر فن ہی کا کام ہے ۔ ہر شخص کے بس کی بات نہیں ۔
★مردود حدیث کی اقسام راوی کے عادل نہ ہونے کی وجہ سے :
٥رِوَایَۃُ الْمُبْتَدِعْ: وہ حدیث جس کا راوی بِدْعَتِ مُکَفَّرہ کا قائل وفاعل ہو لیکن اگر راوی کی بدعت ، مکفرہ نہ ہو اور وہ عادل وضابط بھی ہو تو پھر اس کی روایت معتبر ہوگی یاد رہے بدعت مکفّرہ(کافر بنانے والی بدعت ہے) سے ارتداد لازم آتا ہے ۔
٥رِوَایَۃُ الفَاسِق:وہ حدیث جس کا راوی کبیرہ گناہوں کا مرتکب ہو لیکن حد کفر کو نہ پہنچے ۔
٥مَتْرُوْک: وہ حدیث جس کا راوی عام بول چال میں جھوٹ بولتا ہو اور محدثین نے اس کی روایت کو قبول کرنے سے انکار کردیا ہو۔
٥مَوْضُوْع: وہ حدیث جس کے راوی نے کسی موقع پر حدیث کے معاملے میں جھوٹ بولا ہو ، ایسے راوی کی ہر روایت کو موضوع(من گھڑت) کہتے ہیں ۔

⋆مردود حدیث کی اقسام راوی کے ضابطہ نہ ہونے کی وجہ سے :

oمُصَحَّف : وہ حدیث جس کے کسی لفظ کی ظاہری شکل تو درست ہو مگر نقطوں ، حرکات یا سکون وغیرہ کے بدلنے سے اس کا تلفظ بدل گیا ہو ۔

oمَقْلُوْب : وہ حدیث جس کے الفاظ میں راوی کی بھول سے تقدیم وتاخیر واقع ہوگئی ہو یا سند میں ایک راوی کی جگہ دوسرا راوی رکھا گیا ہو۔

oمُدْرَج : وہ حدیث جس میں کسی جگہ راوی کا اپنا کلام عمداً یا سہواً درج ہوجائے اور اس پر الفاظ ِ حدیث ہونے کا شبہ ہوتا ہو ۔

oاَلْمَزِيْد فِیْ مُتَّصِلِ الأَسَانِيْد: جب دو راوی ایک ہی سند بیان کریں ، ان میں ایک ثقہ اور دوسرا زیادہ ثقہ ہو ، اگر ثقہ راوی اس سند میں ایک راوی کا اضافہ بیان کرے تو اس کی روایت کو مزید فی متصل الأسانید کہتے ہیں ۔

o: وہ حدیث جس کا راوی مقبول (ثقہ یا صدوق) ہو اور بیان حدیث میں اپنے سے زیادہ ثقہ یا اپنے جیسے بہت سے ثقہ راویوں کی مخالفت کرے (شاذ کے بالمقابل حدیث کو محفوظ کہتے ہیں ۔)

oمُنْكِر: وہ حدیث جس کا راوی ضعیف ہو اور بیان حدیث میں ایک یا زیادہ ثقہ راویوں کی مخالفت کرے (منکر کے بالمقابل حدیث کو معروف کہتے ہیں ۔)

oرِوَايَةُ سَيِّئِالْحِفْظ: وہ حدیث جس کا راوی سیئالحفظ ، یعنی پیدائشی طور پر کمزور حافظے والاہو۔

oرِوَايَةُ كَثِيْرِالْغَفْلَة : وہ حدیث جس کا راوی شدید غفلت یا کثیر غلطیوں کا مرتکب ہو ۔

oرِوَايَةُ فَاحِشِ الْغَلَط: وہ حدیث جس کے راوی سے فاش قسم کی غلطیاں سرزدہوں۔

oرِوَايَةُ الْمُخْتَلِطْ: وہ حدیث جس کا راوی بڑھاپے یا کسی حادثہ کی وجہ سے یاداشت کھوبیٹھے یا اس کی تحریر کردہ احادیث ضائع ہوجائیں۔

oمُضْطَرِب: وہ حدیث جس کی سند یا متن میں راویوں کا ایسا اختلاف ہو واقع ہوجو حل نہ ہوسکے ۔

⋆مردود حدیث کی اقسام راوی کے مجہول ہونے کی وجہ سے :

oرِوَايَةُ مَجْهُولِ الْعَيْن: وہ حدیث جس کا راوی مجہول العین ہو ، یعنی اس کے متعلق ائمہ فن کا کوئی ایسا تبصرہ نہ ملتا ہو جس سے اس کے ثقہ یا ضعیف ہونے کا پتہ چل سکے اور اس

سے روایت کرنے والا بھی صرف ایک ہی شاگرد ہو جس کے باعث اس کی شخصیت مجہول ٹہرتی ہو۔

oرِوَایَۃُ مَجْھُولِ الْحَال:وہ حدیث جس کا راوی مجہول الحال ہو ، یعنی اس کے متعلق ائمہ فن کا کوئی تبصرہ نہ ملتا ہو اور اس سے روایت کرنے والے کل دو آدمی ہوں جس کے باعث اس کی شخصیت معلوم اور حالت مجہول ٹہرتی ہو۔ ایسے راوی کو مستور بھی کہتے ہیں ۔

oمُبْھَمْ: وہ حدیث جس کی سند میں کسی راوی کے نام کی صراحت نہ ہو۔

کتب احادیث کی اقسام

oکُتُبِ صِحَاح:ہر وہ کتاب جس کے مؤلف نے اپنی کتاب میں صحیح روایات لانے کا التزام کیا ہو اور "صحیح " کے لفظ کو کتاب کے نام کا حصہ بنایا ہو ۔ ایسی کتاب کی روایات کم از کم اس کے مؤلف کے نزدیک صحیح ہوتی ہے ۔ اور اگر وہ خود ہی کسی حدیث کی علت بیان کردے تو اس سے اس کتاب کے صحیح ہونے پر حرف نہیں آتا ۔

oصَحَاح سِتَّہ : حدیث کی چھ کتب صحیح بخاری ، صحیح مسلم ، سنن ابی داؤد ، سنن نسائی ، جامع ترمذی اور سنن ابن ماجہ صحاح ستہ کہلاتی ہیں انہیں "اُصولِ سِتَّہ "یا "کُتُبِ سِتَّہ"بھی کہا جاتا ہے ۔ پہلی دوکتابیں "صحیحین کہلاتی ہیں اور یہ صرف اپنے مؤلفین کے نزدیک ہی صحیح نہیں ہیں بلکہ پوری امت کے نزدیک صحت کے اعلیٰ درجے پر فائز ہیں ۔ ان پر اعتراض برائے اعتراض کرنے والا شخص ، شاہ ولی اللہ محدث رحمہ اللہ بقول ، اجماع امت کا مخالف اور بدعتی ہے جبکہ آخری چار کتابوں کو سنن اربعہ کہتے ہیں ۔ گوان میں ضعیف احادیث موجود ہیں ، تاہم صحیح حدیثوں کی کثرت کی وجہ سے اکثر علماء انہیں " صحاح ستہ" میں شمار کرتے ہیں ۔

oجَامِع:جس کتاب میں اسلام سے متعلق تمام موضوعات ، مثلاً: عقائد ، احکام ، تفسیر ، جنت ، دوزخ وغیرہ سے تعلق رکھنے

والی احادیث روایت کی گئی ہوں ، مثلاً: صحیح بخاری اور جامع ترمذی وغیرہ ۔
oسُنَنْ: جس کتاب میں صرف عملی احکام سے متعلق احادیث فقہی تبویب وترتیب پر جمع کی گئی ہوں مثلاً: سنن ابی داؤد۔
oمُسْنَد: جس کتاب میں ایک صحابی یا متعدد صحابہ کی روایات کو الگ الگ جمع کیا گیا ہو، مثلاً: مسنداحمد، مسندحمیدی ۔
oمُسْتخْرَج: جس کتاب میں مصنف کسی دوسری کتاب کی حدیثوں کو اپنی سندوں کے اعتبارِ سے روایت کرے ، مثلاً: مستخرج اسماعیلی علیٰ صحیح البخاری ۔
o: جس کتاب میں مصنف ایسی روایات جمع کرے جو کسی دوسرے مصنف کی شرائط کے مطابق ہوں لیکن اس کی کتاب میں نہ ہوں ، مثلاً : مستدرک حاکم۔
oمُعْجَم: جس کتاب میں مصنف ایک خاص ترتیب کے ساتھ اپنے ہر استاد کی روایات کو الگ الگ جمع کرے ، مثلاً: معجم طبرانی۔
oاَرْبَعِیْن:جس کتاب میں کسی ایک یا مختلف موضوعات پر چالیس احادیث جمع کی گئی ہوں ، مثلا ً: اربعین نووی ، اربعین ثنائی وغیرہ ۔
oجُزْئ: وہ کتاب جس میں صرف ایک راوی یا ایک موضوع کی روایات جمع کی گئی ہوں ، جیسے امام بخاری رحمہ اللہ کی ''جُزْئُ رَفْعِ الْیَدَیْنِ ''اور ''جُزْئُ الْقِرَائَ ةِخَلْفَ الْاِمَامِ''یا امام بیہقی رحمہ اللہ کی ''کِتَابُ الْقِرَائَ ةِخَلْفَ الْاِمَامِ''وغیرہ۔

مسلما ن اس اعتبا ر سے دنیا کی ایسی منفر د قو م ہے
جس نے اپنے نبی ﷺ کے اقوال اور آثا ر کو محفو ظ کر نے میں بے
مثا ل تحقیق کا مظا ہرہ کیا۔ آج تک اس مثا ل روشن افک کے
ما نند ہے دنیا کے بڑے بڑ ے ما یا نا زمحقق اس با ت کو قبو ل
کر چکے ہیں کیا عمد ہ با ت کی ہے مو لا نا محمد علی جو ہر
نے ان کا فر ما ن ہے کے :
قر آ ن پا ک تو قر آن پا ک ہے دوسر ے صحا ئف ہما
ری کتب حد یث کی تحقیق اور صحت وحفا ظت کا مقا بلہ
نہیں کر سکتے ۔ (خا لص اسلا م صفحہ135)
محد ثین نے کس قد ر احتیا ط اور حا ظر ذ ہن سے اور دیا
نتداری سے تحقیق کا کا م کیا یہ عظیم کا رنا مہ آج اسلام کے
مفا خر میں سے ہے .
ایک غیر مسلم بھی داد دئیے بغیر نہ رہ سکا ۔ ریو
رنڈ اسمتھ لکھتا ہے :
کو ئی شخص نے اس میں دھو کا کھا سکتا ہے نہ دوسر ے کو
دھو کا دے سکتا ہے یہا ں پو رے دن کی روشنی ہے جو چیز پر
پر پڑھ رہی ہے اور ایک تک پہنچ رہی ہے (تا ریخ جمع القر آ
ن والحد یث)
The universal standard encyclopedia volume
16 page(5817-18)میں لکھتا ہے
The para-mount authority of islam is the
koran (q.v.)which contains the revelation from God
(A.r. Allah) announced by the prophet Mohammed
and recorded by his followers. the koran is
.supplemented by the sunna
با لغر ض تا ریخ کا بڑا ذخیر ہ اور ایک عا لم اس با ت پر گواہ
ہے کہ محد ثین کی قر با نیا ں اور ان کے چھا ن پھٹک کے طر
یقے بڑے ہی کٹھن تھے غیرتو غیر کتنے ہی ظا ہر متفق عبا دت
گزار شخص بھی اپنے ودع اور تقو ی کی وجہ سے محد ثین کی
کڑ ی نگا ہ سے بچ نہ سکے ۔
اس رسا لے میں جو اہم نکتہ عر ض کر نا مطلو ب
ہے وہ ہے علو م حد یث قر آ ن کر یم کے ضوابط اور معیا رات
پر تعمیر کیے گئے ہیں.
ہر دو ر میں مستشر قین مختلف سوال کے سہا رے اور امت
کے اجما ع کو پا ما ل کر نے کی کو شش میں لگے رہے اور وہ
اپنے اس نا پا ک عز ا ئم میں ہر دور میں نا کا م رہے آ ج بھی
انہیں ارادوں کے سا تھ یہ مستشر قین اور منکر ین حد یث نئے

سوالات کے سا تھ منظر عا م پر آنے کی کو شش میں لگے ہو
ئے ہیمو جو دہ دور میں لا تعداد سوالات ان کی طر ف سے سا
منے آتے رہتے ہیں کبھی بخا ری کے پیچھے کبھی مسلم کے خلا
ف غر ض وہ ہر طر ح سے امت کے اجما ع کو چکنا چور کر نے
کی بھر پور کو شش میں لگے ہو ئے ہیں لیکن یہ ان کا مقصد
صر ف ایک بھیا نک خو اب کی شکل میں سا منے آئے گا .
(انشا ء اللہ)
نو ٹ ۔ (عمو می سوالا ت کے جوابا ت کے لئے میر ی مفصل
کتا ب اسلا م کے مجر م کو ن ؟ کا مطا لعہ فر ما ئیں)
آج کاجو کو عنوان ہے وہ ہے کیا یہ اصو ل حد یث جن کو محد
ثین کی جما عت نے تحقیق سے تشکیل دیا ہے کیا یہ اصو ل
حجت ہیں؟؟کیو نکہ اصو ل تو انسا نو ں کے بنا ئے ہو تے ہیں
ان کو کبھی بھی دین تصو ر نہیں کیا جا سکتا ؟یہ وہ بنیا دی
سوال ہے جس کا جواب دینے کے لئے میں نے قلم اٹھا یا بس یہ
تو فیق اللہ سبحا نہ وتعا لیٰ کی ہے .
قا رئین ا کرام دفاع حد یث پر علما ء نے لا تعداد کتا بیں
تصنیف فر ما ئیں اور اصو ل حد یث پر بحث بھی کی لیکن سا
تھیو ں کے اصرار اور دلچسپی کے با عث یہ نکتہ بھی ذہن میں
آیا کہ ان اصو ل حد یث جس کو محد ثین نے تر تیب دیا آیا یہ
اصو ل کن ضوابط سے تر تیب دئیے گئے ہیں ؟یہ ایک ایسا
سوال ہے جو ہرطا لب علم کے ذہن میںاُبھر آتا ہے اور وہ اس
کے جو اب کا منتظر رہتا ہے ۔اس مضمون میں آپ کو انشاء
اللہ ان اصو لو ں کے با رے میں جن کو محد ثین نے ترتیب دئیے
معلو ما ت حا صل ہو گی کہ وہ اصو ل جن کو محد ثین نے تر
تیب دئیے وہ اصو ل قر آن کر یم کے مطا بق ہیں۔
جی ہا ں ہو سکتا ہے یہ با ت آپ سمجھ نہ سکے لیکن
الحمد للہ واقعی یہی با ت ہے . کیو نکہ محد ثین کا معیا ر
تحقیق کا وہی رہا ہے جس معیا ر کو قر آن کر یم انسا ن کے
لئے ہموار کر نا چا ہتا ہے میں اپنی بات کو شروع کر نے سے
پہلے ایک گز ارش آپ کے سامنے پیش کروں گا کہ اصول حدیث
کو سمجھنے سے پہلے ایک نکتے کو ضرور سمجھیں '' اگر آپ
سے کوئی شخص کہتا ہے کہ بھا ئی ہمیشہ سچ بولو '' اگر
چہ وہ خود سچ نہ بو لتا ہو لیکن وہ ایک ایسی بات نقل کرتا
جو بعین قر آن کریم کے مطابق ہے ۔
اب اگر آپ یہ کہیں کہ میں سچ کیسے بو لوں یہ
شخص تو جھو ٹا ہے فلا ن فلا ں کا م کرتا ہے .

مثلاً چور ہے ڈاکو ہے اور بہت سا رے جرائم پیشہ ہے اس
شخص کی با ت میں آکر سچ نہیں بول سکتا ہے

یقیناً یہ شخص جھو ٹا مکار جرائم پیشوار اور بہت
سارے برے کام کرنیوالاہے لیکن وہ ابھی بات جو کررہا ہے وہ
قر آن کریم کے مطابق ہے لہٰذ ا ہم یہ کہینگے کہاس کی بات
کو تسلیم کیا جائے کیو نکہ یہ جوبات کہہ رہا ہے اس کی اپنی
بات نہیں ہے بلکہ یہ تو قرآن کریم کے مطابق کہہ رہا ہے کہ
بات ہمیشہ سچ کہو.

اب غور فر ما ئیں کہ بات کہنے والا انسا ن ہے لیکن اس
کااصل مر جع قرآن کریم ہے کیونکہ وہ جو کہہ رہا ہے قر آن
کریم کا اصول بول رہا ہے اس کی اپنی بات نہیں ہے ہا ں
کہنے والا ضرور بشر گنہگار ہے لیکن اصول یہ ہو گا کہ وہ کیا
کہہ رہا ہے ۔

اسی طر ح سے یہ عظیم محد ثین کی جما عت جن کا
ثقہ ہو نا (Athenticity)ثا بت ہو چکی ہے ان کا تقویٰ کے
بارے میں ان کے ذہن کے بارے میں امت کا اجماع ہے جو قدم
قدم پر سنت کا خیال رکھنے والے اللہ کے حکم کی پابندی کر نے
والے اور مکمل زندگی صرف اسی محنت میں لگادی کہ رسو ل
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احا دیث کا دفا ع کر یں تو بتا
ئیں یہ کیسے اپنے اصول قر آن کے خلاف وضع کریں گے نہیں ۔

بلکہ ان محد ثین کی جماعت نے غو ر وتدبر سے مکمل
احادیث کے جو اصول ترتیب دئیے ہیں وہ قر آ ن کریم کے
مطابق ہی ہیں اب اگر ان محد ثین میں سے کو ئی یہ کہے کہ
سچ بولو تو بتا ئیں سونے پہ سہاگا ہو گا کہ نہیں کیونکہ با ت
نقل ہو رہی ہے قرآن کریم اور دوم بات کر نے والا بھی مکمل
عامل قر آن تو لہٰذا ہم سچ بو لنے والےکی سچائی کو قبول
کریں اور اس کی سچائی کو مر تبہ دیں گے کہ اس نے دین
اسلام کے ایک اہم اصول کے مطابق سچ بولا .

اسی نکتے کو سامنے رکھیئے اور اصول حدیث کو
سامنے سمجھئے جو کہ قر آن کریم کے مطا بق تر تیب دئیے گئے
ہیں .

میں اس مضمون میں ان مو ٹے مو ٹے اصو ل کا ذکر
کر وں گا جن پر اکثر وبیشتر اعتراضات اُٹھتے رہتے ہیں اور
منکر ین حد یث کی طر ف سے یہ سوالات سامنے آتے رہتے
ہیں کہ بتا ؤ ان اصو لو ں کو جو کہ تم ایک شر عی حیثیت دیتے
ہو ان کی دلیل کیاہے لہٰذا اس قسم کے جو سوالات ہیں انکا
جواب آپ اس کتا ب سے اخذ فر ما ئیں گے انشاء اللہ .

١) منکرین حد یث کا ایک سوال جو کہ خبر آحاد کے بارے میں ہو تا ہے۔
خبر آحاد کی تعریف :۔جس حدیث میں راوی تعداد میں متواتر حدیث کے راویوں سے کم ہوں۔ خبرآحاد کہلا تی ہیں .
(یعنی اگر کو ئی ایک شخص خبر دیتا ہے۔ کسی بات کی تو وہ منکرین حدیث کی نظر میں قا بل قبول نہیں)
خبر واحد کی دلیل قر آن کریم کی رو سے قر آ ن کر یم خبر واحد کو تسلیم کر تا ہے۔ اگر خبر دینے والا سچا ہو مثلاً
(سو رۃ یٰسن 36آیت نمبر20) اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ :
'' وجا ء من اقصا المد ینۃ رجل یسعٰی قال یقو م اتبعوالمر سلین''
تر جمہ ۔ اس وقت شہرکے پرے کنارے سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا اور کہنے لگا میری قوم کے لوگوں ان رسولوں کی اتباع کرو .
غو ر فر ما ئیں ! اس آ یت مبارکہ میں آنے والاایک ہی شخص اور وہ ایک خبر دے رہا ہے۔ یعنی وہ شخص بحیثیت خبر واحد کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی اس خبر کو مقبول فر مایا. اور ارشاد ہوتا ہے۔ کہ
'' قیل ادخل الجنۃ '' (سو رۃ یٰسن 36آیت نمبر26)
''(جب قوم نے اس شخص کو ما ر ڈالا)تو اللہ پاک نے فر مایا .کہ اسے جنت میں داخل کر دو ''۔
گو یا وہ شخص جس نے خبر واحد کی صورت میں نبی کی تا ئید کی اس پاداش میں اسے قتل کر دیا گیا اللہ تعالیٰ نے اس کی خبر واحد کو قبول کر کے جنت میں روانہ فرمایا.ایک اور دلیل دیتا چلوں جب ذکر یا نے مر یم کی کفالت کا بیڑا اٹھا یا تو ذکر یا نے ان کے پاس کھا نے کی چیز دیکھی اور فر ما یا:
''قا ل یٰمر م انی لک ھٰذاقا لت ھو من عند اللہ ان اللہ یر زق من یشا ء بغیر حساب ''(اٰل عمران 3آیت37)
تر جمہ اے مر یم یہ تجھے کہا ں سے ملا ؟ وہ کہتی ہے۔ دیتی ہیں اللہ کے ہا ں سے بلا شبہ اللہ جسے چا ہے۔ بے حسا ب رزق دے دیتا ہے۔ .
غو ر فر ما ئیں ! مریم خبر دے رہی ہیں کہ یہ رزق اللہ کی طرف سے ہے۔ وہ حیثیت رکھتی تھیں خبر واحد کی اور زکر یا نے اسے قبو ل فر مایا اور پھر مو قع کی مناسبت دیکھتے ہی اپنے لئے اولاد کا سوال کیا .
لہٰذا خبر واحد کا حجت ہو نا اس آیت سےبھی ثا بت ہو تا ہے۔.

ایک اور مقا م پر قر آن کر یم وضا حت فر ما تا ہے کہ سلیمان
کے دور حکو مت میں حا ضر ی کے وقت ھُد ھُد غا ئب تھا غصہ
کی سزا کے اظہار کے بعد سلیمان نے فرما یا کہ اسے ذبح کر
دونگا یا وہ میر ے پاس کو ئی معقو ل وجہ پیش کر دے قر آن
کر یم ذکر فرما تا ہے ۔

'' فمکث غیر بعید فقال أحطت بمالم تحط بہٖ وجئتک من
سبابنبایقین''
(نمل27آیت 22-23)

تر جمہ :تھو ڑی دیر گزری تھی کہ (ہدہد)آگیا اور کہا میں نے
وہ معلوم کیا ہے جو آپ کو معلوم نہیں اور میں سبا سے
متعلق ایک یقینی خبرآپ کے پاس لایا ہو ں .

لہٰذ ا ہد ہد نے ایک معقو ل وجہ پیش کی کہ وہ ملک سبا کے
لوگ سورج اور چاند کے پجاری ہیں لہٰذ ا سلیمان نے ہدہدکی
بات کو تسلیم کرتے ہو ئے تحقیق کی شر طیں لگا ئی .

غور فر مائیے ایک جا نور خبر دیتا ہے اور اللہ کاعظیم پیغمبر
اسکی Exeptenceدیتا ہے اب بتا ئیں جا نور کی خبر واحد کو
قبو ل کیا گیا اسکے مقا بلے میں ایک سچے مسلم کی خبر واحد
کو قبول کر نے میں کو نسی قبا حت ہے لہٰذ ا یہاصو ل بھی
محد ثین نے قر آن کر یم سے ہی اخذ فرمایا ہے.

راوی کا ثقہ ہو نا اور غیر ثقہ ہو نا اسکی چھا ن پھٹک
کا اصول قر آن کر یم کی رو سے ہے

محد ثین اکرام نے اپنی پو ری زند گی اس فن کے لئے گزار دی
یعنی وہ علم رجال کے فن کے ماہرین Specialistتھے اور وہ
خوب اس فن کو جا نتے تھے کسی راوی کا مقبول ہو نا اور غیر
مقبو ل ہو نا یہ ایک بڑا اہم درجہ ہے قر آ ن کریم نے بھی
مقبول اور غیر مقبول کے بارے میں اصول مرتب فر ما ئے ہیں .
اللہ تعا لیٰ فر ما تا ہے:

''یا ایھا الذ ین اٰمنو ان جا ء کم فا سق بنبا فتبینوا''(سورۃ
حجرات 49آیت 6)

تر جمہ :اے ایمان والو ں اگر کو ئی فا سق تمہا رے پا س خبر
لے کر آئے تو اس کی تحقیق کر لیا کرو ۔

اس آیت مبا رکہ پر غو ر فر ما ئیں کہ وہ مخبر کی تحقیق کا
اصول مر تب فر ما تی ہے .مثلاً

کو ئی شخص یہ خبر لا تا ہے کہ فلا ں شخص کو قتل کر
دیا گیا یا فلاں فلا ں نقصا ن ہوا ہے تو سننے والے کو اس خبر
کو نشر کر نے کے بجا ئے فو راً اس کی تحقیق کر لینی چا ہیے

وگر نہ معا شر ے میں اس کا بڑا برا اثر مر تب ہو گا جو جان لیوا بھی ثا بت ہو سکتا ہے .
لہذ اگر کو ئی شخص خبر لا ئےاس کی تحقیق کر لی جا ئے ایک چھو ٹا اصول سمجھا دیا گیا کہ تحقیق کرلو لیکن یہ نہیں بتا یا گیا کہ تحقیق کن ذرائعیو ں سے کر نا ہے کیو نکہ ہر صد ی میں تحقیق کے مختلف ذرائع مو جو دہو تے ہیں خا ص کر اس صد ی میںجو کہ Mediaاور Communicationکا دور ہے بہت بہتر ہیں تحقیق کے طریقے ۔
